باب 11

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡكُمۡ

گلہائے عقیدت

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

1	ذکر کلمہ شریف (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	713
2	دعا بہ درگاہِ خدائے جلّ وعُلا (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	716
3	عرضِ حال بحضور شہنشاہِ کونین ﷺ (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	717
4	سلام بحضور خیر الانام (عبدالحفیظ جالندھریؒ)	718
5	نسبت رسولی ﷺ (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	719
6	شجرہ شریف طریقت نسبت رسولی ﷺ بہ زبان فارسی (عروجی) (شمس العلماء حضرت مولانا غلام کبریا خان بہاریؒ)	720
7	شجرہ شریف طریقت نسبت رسولی ﷺ بہ زبان پنجابی (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	721
8	**اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَام**	723
9	افضل الانبیا ﷺ	724
10	منقبت نظیریہ: غوث المعظم اعلیٰ حضرت پیر **نظیر احمد** رحمتہ اللہ علیہ (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	725
11	منقبت نظیریہ: غوث المعظم اعلیٰ حضرت پیر **نظیر احمد** رحمتہ اللہ علیہ (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	727
12	منقبت ہارونی: غوث زماں اعلیٰ حضرت پیر **ہارون الرشید** صاحب مدّ ظلہٗ العالی (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	728
13	منقبت ہارونی: غوث زماں اعلیٰ حضرت پیر **ہارون الرشید** صاحب مدّ ظلہٗ العالی (شمس الخلفاء ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمیؒ)	729

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ

ذکر کلمہ شریف

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ط

سب دا معبود اک اللہ ہے   اوہ واحد ایک اکلّا ہے   اُہدی شان بُلند مُعّلی ہے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اوہ خالق کل جہاناں دا   اوہ مالک زمیں آسماناں دا   اوہ صاحب ہے سب شاناں دا

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

رب پاک ہے ذات قدیم اوہی   **رحمٰن . رؤُف . رحیم** اوہی   **رزّاق . حلیم . کریم** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

وَھَّاب . غَنِیُّ . عَلِیۡم اوہی   **توّاب . عَزِیۡز . حَکِیۡم** اوہی   **قُدُّوۡس . جَلِیۡل . عَظِیۡم** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

قَادِر ہے ـ **لَطِیۡف . خَبِیۡر** اوہی   **وَالِیُ** ہے **مَتِین . کَبِیۡر** اوہی   **مَالِکُ** ہے **سَمِیۡع . بَصِیۡر** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اَلۡحَقُّ . قَوِیُّ . مَجِیۡد اوہی   **اَلۡھَادِی . وَلِیُّ . رَشِیۡد** اوہی   **اَلۡبَارِیُ . صَمَدُ . حَمِیۡد** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اَلشَّافِیُ . حَفِیۡظ . رَقِیۡب اوہی   **اَلۡمُغۡنِیُ . وَکِیۡل . حَسِیۡب** اوہی   **وَاحِد . فَتَّاح . مُجِیۡب** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه**   ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

ہے اوّل ۔ آخر نُورُ اوہی **حَيٌّ . قَيُّومُ . غَفُوُر** اوہی **جَبَّار . شَكُوُر . صَبُوُر** اوہی

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

مخلوق دا پالنہار خُدا ہے سب دا بخشنہار خُدا **ستّار** خُدا ۔ **غفّار** خُدا

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

ہین صفتاں باہجہ شُماراندے دُکھ سُن دا سب دُکھیاراندے کج ڈھکدا اوہ گنہگاراندے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اوہ رب ہے پاک محمدﷺ دا شاہِ لولاک محمدﷺ دا صدرِ افلاک محمدﷺ دا

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اُہدے نُور تھیں نُور محمدﷺ دا اُہدا قُرب ۔ حضور محمدﷺ دا اُہدی خَلق ظہور محمدﷺ دا

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

سرور ہیں حضورﷺ رسولاں دے قائد ہیں کل مقبولاں دے ہیں بانی شرع اصولاں دے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

جیہدی وچہ درگاہ مقبولی ہے اوہ نسبت پاک رسولﷺ ہے گل پکّی ایہو اصولی ہے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

جیہڑا پاک رسولﷺ دا بردہ ہے وچہ عشق نبیﷺ دے مردا ہے رب اوسے تے رحمت کردا ہے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اللہ دے پیارے یار نبیﷺ ہیں اُمّت دے غمخوار نبیﷺ سب خلقت دے سردار نبیﷺ

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

حامی ۔ ہمدرد۔ فقیراں دے مشفق۔ مُونس۔ دلگیراں دے شافع اساں پُر تقصیراں دے

پڑھ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه** ہے محمدﷺ پاک رسول اللہ

اُہناں باہجہ وسیلہ کوئی ناں اوہ رحمت جس تے ہوئی ناں اُہنوں ملدی کِتے بھی ڈھوی ناں

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

سانوں مُرشد سبق پڑھایا ہے دل اندر ذِکر وسایا ہے توحید دا بوٹا لایا ہے

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

بِناں ذکر ہو وے منظوری ناں دربارِ رسول ﷺ حضُوری ناں بِناں مُرشد پینڈی پُوری ناں

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

جیڑے مرکز کولوں دُور رہن اوہ گھیریاں وچہ مستور رہن وچہ ہنیریاں دے بے نور رہن

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

بِناں رہبر کم کوئی چلداناں بِن محنت پَودا پلدا ناں بِن موسم بوٹا پَھلدا ناں

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

جیہڑی گل مُرشد فرماوندا ہے جیہڑا رستہ پیر دِکھاوندا ہے اوہی رب رسول ﷺ نوں بھاوندا ہے

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

ایہہ حُکم ہے سرورِ عالم ﷺ دا فرمان ہے غوث الاعظمؒ دا ایہو وردِ سلیمی ہر دم دا

پڑھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے محمد ﷺ پاک رسول اللہ

(عاجز عنایت اللہ سلیمی)

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِهٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِهٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دعا بہ درگاہِ خدائے جلّ وعُلا

یا رب! میری عاجز کی یہ مقبول دعا ہو　　محبوبِ خداﷺ پر مرا دل جان فدا ہو
در پر تیرے محبوبﷺ کے یہ عاصی پڑا ہو　　فریاد میں اک سوز ہو اور نالہ رسا ہو
حال اپنی سیہ کاریوں کا ان کو سناؤں
دربارِ خطا بخش سے پھر بخششیں پاؤں

یا رب! یہ مجھے تو نے ہی رستہ ہے دکھایا　　سردارِ رسولاں کو وسیلہ ہے بنایا
امید لئے اس درِ رحمت پہ ہوں آیا　　فریاد ہے ۔ فریاد ہے ۔ فریاد خدایا!
خاطی ہوں سیہ کار ہوں، تو رحم و کرم کر
عاصی ہوں گنہگار ہوں ۔ غفرانِ اتم کر

اے ہادیٔ برحق ! تو مجھے نیک بنا دے　　دل اور زباں میری کو تو ایک بنا دے
دل پر جو بھی ہیں داغ گناہوں کے مٹا دے　　اجڑا ہوا گھر عشقِ محمدﷺ سے بسا دے
دم ان کے ہی عشق اور محبت کا بھروں میں
ان کی ہی رضا کے لئے ہر کام کروں میں

قائم رہے یہ سلسلہ تا روز قیامت　　حاصل رہے ہر مرحلہ پر ان کی امامت
میرے مرشد کا رہے دستِ کرامت　　اور عشقِ رسولﷺ کا رہے جذبہ سلامت
نسبت رہے قائم میری محبوب خداﷺ سے
بھولے سے بھی پھسلے نہ قدم راہِ ھُدٰی سے

مولا! تیرے پیارے کا ہے دیوانہ سلیمؔی　　اور ان کی محبت میں ہے مستانہ سلیمؔی
اس شمعِ رسالت کا ہے پروانہ سلیمؔی　　ہر غیر کی نسبت سے ہے بیگانہ سلیمؔی
اس کے لئے حقّانیہ عرفان یہی ہے
اور اس کا یہی دین ہے ایمان یہی ہے

(عاجز عنایت اللہ سلیمؔی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عرضِ حال بحضور شہنشاہِ کونین رحمتہ للعالمینﷺ

اے شاہِ امم! امتِ مرحوم کی سن لو آقائے دو جہاںﷺ! ملّتِ مغموم کی سن لو
اسلام کی برکات سے محروم کی سن لو بدبخت کی، گم کردۂ مقسوم کی سن لو
فریاد دلِ مسلم مظلوم کی سن لو
حرماں زدہ اس مذنب و مذموم کی سن لو

تجھ کو نہ سنائیں تو کہاں اور سنائیں در اور بھی ہے کوئی کہیں؟ جس پہ کہ جائیں
وہ کون ہے جو بانٹتا ہے حق کی عطائیں وہ کون ہے؟ حق چاہتا ہے جس کی رضائیں
جز آپﷺ کے آقا! وہ کوئی اور نہیں ہے
مِصداق **فَتَرْضٰی**[1] وہ کوئی اور نہیں ہے

سردارِ جہان سرورِ ذی شان تمہیں ہو اللہ کی مخلوق میں سلطان تمہیں ہو
اسلام کی روح زینتِ ایماں تمہیں ہو اس امّتِ عاجز کے نگہباں تمہیں ہو
کونین میں اور آقا ہمارا نہیں کوئی
اور اپنا وسیلہ و سہارا نہیں کوئی

جان اپنی پہ گو ہم نے بہت ظلم کیا ہے بخشش کا وسیلہ بھی ہمیں حق نے دیا ہے
اور اس کے لئے آپﷺ کا ہی نام لیا ہے قرآن میں اللہ نے یہ حکم دیا ہے
مجرم کے لئے آپﷺ کا در جائے پناہ ہے
پاک آیت **جَآءُوْکَ**[2] صریح اس پہ گواہ ہے

حاضر ہیں اسی واسطے ہم آپ کے در پر فیاض ۔ سخی ۔ رحمتِ دارین کے گھر پر
موقوف نہیں کچھ یہاں **لا** اور اگر پر ہے بخششِ عام اس جگہ ہر جن و بشر پر
بھولے ہوئے آئے ہیں ضلالت کو مٹا دو
بھٹکے ہوئے پھرتے ہیں صحیح راہ دکھا دو

(عاجز عنایت اللہ سلیمی)

[1] **وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى**﴿الضحیٰ:5﴾ [2] **وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ**﴿النساء:64﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سلام بحضور خیر الانام

الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے رَحۡمَۃ ’’ للعالمین ﷺ　　الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے صَادِقُ الۡوَعۡدِ الامِیۡن ﷺ

اے مدینے کے مہاجر سبز گنبد کے مکیں
عرش ہے تیرے قدم کے فیض سے یہ سرزمیں
دلکشی میں کہربا ہے تیرا سنگِ آستاں
ہر طرف سے کھنچ کر آتی ہیں یہاں پیشانیاں
ہر زمیں ہر مملکت سے مرد و زن پیر و جواں
تیری راہوں میں رواں ہیں کارواں در کارواں
کوئی ان میں بادشاہ کوئی ہے ان میں فقیر
سب نظر آتے ہیں تیری دامِ الفت کے اسیر
عشق کے بندوں کا مسلک پوچھنا بے سود ہے　　تیرا در ہر قافلے کی منزلِ مقصود ہے
گرگ بھی گمراہیاں بھی پیچ بھی راہوں میں ہیں
راہبر بھی اور رہزن بھی کمیں گاہوں میں ہیں
تیرے دیوانے مگر چلنے سے رک سکتے نہیں
پاؤں تھک جاتے ہیں سَر ان کے کبھی تھکتے نہیں
ہر قدم پر رہزنوں کے جال میں پھنستے ہوئے
پتھروں پر ڈگمگاتے ۔ ریت میں دھنستے ہوئے
درد دل میں ۔ لَب پر آہِ سرد اٹھتے بیٹھتے
یہ اسیرانِ محبت ہیں ترے ادنیٰ غلام　　یا محمد مصطفٰے ﷺ لے لیجئے ان کا سلام
الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے منبعِ صدق و صفا
الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے مخزنِ جودو سخا
اے کہ ہے تو ہی غریبوں کا سہارا السلام
کون ہے تیرے سوا یاور ہمارا السلام

السلام اے شمعِ ہستی کے اجالے السلام
قسمتِ بیدار ہو کر سونے والے السلام

الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے رَحۡمَۃ ٌ للعالمین ﷺ الصَّلٰوۃ وَالسَّلام اے صَادِقُ الۡوَعۡدِ الاَمِیۡن ﷺ

گدائے درِحبیب ﷺ
(عبدالحفیظ جالندھری)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نسبت رسول ﷺ

میں ہوں عاصی ۔مگر ہے سیّد الابرار سے نسبت
ہے اس ادنیٰ ترین کو اُس بڑی سرکار سے نسبت
خدا کے لاڈلے ۔مخلوق کے سردار سے نسبت
رُسُل اور انبیاء کے قافلہ سالار سے نسبت
اسی نسبتِ معلّٰی کے ہی فیضان تسلسل سے
ہے اصحابؓ مکرم ۔ اہل بیت اطہارؓ سے نسبت
ابوبکرؓ و عمر فاروقؓ سے ہے اور عثمانؓ سے
علی المرتضےؓ سے حیدرِ کرارؓ سے نسبت
مگر نسبت رسول اللہ سے ہو گی تبھی حاصل
کہ ہو پہلے کسی صاحبدلِ بیدار سے نسبت
نہیں خوف و خطر محشر میں ہم عاصی غلاموں کو
کہ ہے اپنی جنابِ احمدِ ﷺ مختار سے نسبت
ملوث ہیں گناہوں سے مگر امیدِ بخشش ہے
کہ ہے ہم کو رسول ﷺ رحمتِ غفّار سے نسبت
وہ ہونگے اور کوئی ۔جنکو یہ نسبت نہیں حاصل
ہماری تو ہے اپنے مونس و غمخوار سے نسبت
خدا کی نعمتیں وَاللہ جہاں دن رات بٹتی ہیں
ہے ہم عاجز غلاموں کو اُسی دربار سے نسبت
لحد کی تیرگی ظلمت کا فکر و غم تمہیں کیوں ہو
تمہاری ہے سلیمؔی ! مصدرِ انوار سے نسبت

(عاجز عنایت اللہ سلیمؔی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرہ شریف طریقتِ نسبت رسولﷺ بہ زبان فارسی (عروجی)

دربارِ عالیہ موہڑہ شریف

یا الٰہی خستہ حالم رحم کن برحالِ ما
اتکا دارم بفضلت نیست جز تو دال ما

گشتہ طاعاتم قلیل و سُوءِ اعمالم کثیر
فَاعْفُ عَنِّیْ کُلَّ ذَنب بہر اصحاب العُلاٰ

از کرم معمور دار وکُن منّور قلبِ ما
از طفیلِ انبیاء و اولیاء و ازکیاء

از طفیل حضرتِ ہارون رشید بے ریا
اوکہ شُد مسند نشینِ نائبِ خیر الوری

بہرِ مولانا نظیر احمد جمال الاولیاء
غوث الامت خواجہ قاسم حبیبِ کبریا

قبلۂ عالم نظام الدّین سلطان الملوک
حضرت عبد العزیز عبد المجید اتقیا

گل محمد خواجہ عبد الصبور اہلِ ذوق
حافظ احمد شاہ عنایت عبد اللہ با وفا

خواجہ محمود قادر باسط و شاہ حسین
شیخ سرہندی مجدّد باقیِ اھلِ بقاء

شاہ محمد امکنہ درویش و زاہد بے ریا
خواجہ احرار شاہ یعقوب چرخی پُر ضیاء

شیخ علاؤ الدّین خواجہ نقشبند و شاہ کلال
خواجہ بابا سماسی وعلّی با سخا!

خواجہ محمود عارف عبدِ خالق با کمال
خواجہ بو یوسف و شاہ بو علیؒ اصفیاء
ابو الحسن خرقانی حضرت با یزید عین جان
جعفرِ صادق امام قاسم صدق و صفا
حضرت سلمان آں صدیق اکبر یارِ غار
سیّد عالم محمد ﷺ مصطفےٰ نورِ خدا
کن منوّر قلب ما از نیّرِ عرفان خویش
بہرِ ذاتِ پاکِ خود اے خالقِ ارض و سَما

(شمس العلماء حضرت مولانا غلام کبریا خان بہاری)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شجرہ شریف طریقتِ نسبت رسولی ﷺ بہ زبان پنجابی (نزولی)

دربارِ عالیہ موہڑہ شریف

لکھ شکر بخشنہار دا	ستّار دا غفّار دا	رب مالک و مختار دا	خلقت دے پالنہار دا
اُس دا کوئی ثانی نہیں	واجب ہے اِمکانی نہیں	**حَیُّ** کدیں فانی نہیں	خالق ہے نور و نار دا
صَلِّ عَلٰی صَلِّ عَلٰی	حضرتِ محمد ﷺ مصطفےٰ	محتاج ہے شاہ و گدا	جسدی سخی سرکار دا
صدقے نبی ﷺ دی شان توں	کونین دے سلطان توں	قربان ہاں دل جان توں	میں احمدِ مختار دا
حضرت رسولِ مجتبیٰ	کیتا کرم بے انتہا	سب تھیں بڑھایا مرتبہ	صدیق یارِ غار دا
بوبکرؓ نوری شان نے	کیتے ہیں جگ وچ چاننے	پھر حضرتِ سلمانؓ نے	لڑ پھڑیا شاہ اَسوار دا
صدیق دے نورِ نظر	بیٹے محمد دا پسر	قاسم شہِ والا گہر	پوتا نبی دے یار دا
ہے جعفرِ صادق ولی	وحدت دے بوٹے دی کلی	آلِ نبی ۔ ابنِ علی	ہے ڈبیاں نوں تار دا
شاہ با یزیدؒ اہلِ سُبُل	ہے جعفری باغے دا پُھل	سوہنا تے خشبودار گل	بِسطام دے گلزار دا
خِرقان دے شاہِ سخا	ابو الحسنؒ گنجِ غنا	سائل تھا دروازے کھڑا	شاہ غزنی دقندھار دا

شاہ فارمد دے بُو علیؒ
ہمدانی بُو یوسف ولیؒ
پیر عبدِ خالق شاہ سخی
ہیں آسرا نادار دا

سلطان عارف ریوکری
محمودؒ خواجہ فغنوی
حضرتِ علی رامیتنی
تکیہ ہیں اوگنہار دا

سّماسی بابا نامور
خواجہ محمد راہبر
کردا کرم والی نظر
کم عاجزاں دے سار دا

سیّد کلالؒ آقائے ما
ہے پیر و مرشد راہنما
خواجہ بہاؤ الدین دا
شاہ بادشاہ سوُخار دا

غم دُور اس مسکین دے
صدقے بہاؤ الدینؒ دے
صدقے علاؤ الدینؒ دے
صدقہ شہِ عطّار دا

یعقوب چرخی شاہ نے
راہ پائے لکھ گمراہ نے
حضرتِ عبید اللہ نے
پایا لقب احرار دا

زاھدؒ سراجُ الاولیاء
درویش شاہِ اصفیاء
املنگی عالی مقتدا
چاکر مَیں ہر سردار دا

شاہ باقی باللہ نُورِ حق
کامل ولی منظورِ حق
ہیں مرشدِ مامور حق
واہ شان اس سچیار دا

شیخ احمد عالی نسب
پایا مجدّد دا لقب
مرشد نے بھی کیتا ادب
اس شاہی منصب دار دا

یا شاہ حسین اہلِ عطا
یا خواجہ باسطؒ پیشوا
یا شاہِ عبد القادرا
میں منگتا دربار دا

محمود سیّد شاہ جی
یا پیر عبد اللہ جی
سیّد عنایت اللہ جی
چارہ کرو بیمار دا

اے حافظِ احمد ولی
عبد الصبور مرشدی
شاہ گل محمد سیّدی
طالب ہاں میں دیدار دا

عبد المجیدِ تاجور
عبد العزیزِ راہبر
خواجہ ملوک اہلِ نظر
دارُو ہیں ہر آزار دا

خواجہ نظام الدین مرا
قبلہ و کعبہ راہنما
قاسمؒ امام الاولیاء
رہڑیا نوں پھڑ پھڑ تار دا

حضرت نظیر احمد شہا
عاجز تے کر فیض و عطا
نظرِ کرم بہرِ خُدا
صدقہ شہِ ابرار دا

مرشد نے اپنی مہر تھیں
اپنا بنایا جانشیں
ہاروں رشید انور جبیں
مطلع جلی انوار دا

ایہہ مرشدی پیغام ہے
کہیاں تھیں بھریا جام ہے
ایہہ خادمِ اسلام ہے
ایہہ نُور اس دربار دا

(عاجز عنایت اللہ سلیمی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

دو جہاں کے بادشاہ ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام
کُلُّھُمۡ خلقت کے آقا ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

باعثِ تخلیقِ عالَم ۔ تاجدارِ کائنات
قاسمِ نعماتِ مولیٰ ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

ابرِ رحمت ، ظِلّ راحت ۔ عینِ لطف ، بحر جُود
بخشش و غُفران کے دریا ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

مُفلسوں کے ، عاجزوں کے ، بیکسوں کے غمگسار
اے تہید ستوں کے داتا ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

اے گنہگاروں کے تکیہ ! شافعِ روزِ جزا
اے سیاہ کاروں کے ملجا ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

عاصیوں کو ہے بھروسہ آپ ﷺ کی ہی ذات پر
اے خطاکاروں کے ماوٰی ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

یا کریمٌ و یا حلیمٌ و یا رؤفٌ و یا رحیمٌ
صاحبِ اخلاقِ عظمیٰ ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

سیدّ الکونین کے ۔ زیب و زینتِ کون و مکاں
اے مکینِ عرشِ اعلیٰ ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

خالق و مالک کے۔ رب العٰلمین کے ہو حبیب
مالکِ دُنیا و عقبیٰ ! اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

رات دن عاجز سلیمؔی کا وظیفہ ہے یہی
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

افضل الانبیاءﷺ

وہ دانائے سُبل، ختم الرُّسل، مولائے کل جس نے غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیِ سینا
جہانِ عشق و مستی میں وہی اوّل وہی آخر وہی قرآن، وہی فرقان، وہی یٰسین، وہی طٰہٰ

☆

لوح بھی تو، قلم بھی تو، تیرا وجود الکتاب گنبدِ آبگینہٗ رنگ تیرے محیط میں حباب

☆

حسن یوسف، دمِ عیسیٰ، یدِ بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

☆

حق جلوہ گر، طرزِ بیانِ محمدﷺ است آرے کلامِ حق بزبان محمدﷺ است
غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گزاشتیم کآں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدﷺ است

☆

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنیدؒ و با یزیدؒ ایں جا

☆

چشمِ اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے رفعتِ شاں **رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکْ** دیکھے

☆

وہ جن کی اقتدا پہ ہے سب انبیاء کو ناز مجھ کو ہے فخر اپنا انہیں مقتدا کہوں

☆

کی محمدﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبت نظیریہ: غوث المعظم اعلیٰ حضرت پیر نظیر احمدؒ

چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
ابنِ محمد قاسم خواجہ
قطب زمانے دا
مکی مَدنی نور چمکدا
قطب زمانے دا
غوث الاعظمؒ بوٹا لایا
قطب زمانے دا
مرشد عالی پیر پیارا
قطب زمانے دا
کہیاں دیوچہ لائے ڈیرے
قطب زمانے دا
کہیاں تھیں جدوں چمکاں پیاں
قطب زمانے دا
مرشد والا حکم بجایا
قطب زمانے دا
مور چکور تے ہور پرندے
قطب زمانے دا
سب نوں حق دا راہ دکھاوندا
قطب زمانے دا
لڑ لگیاں دی لاج رکھیندا

کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
چیڑاں والے دیس دا راجہ
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
ہے صدیقی لعل دمکدا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
مرشد نے پروان چڑھایا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
شاہ نظام الدین سُچیارا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
نور کھنڈایا چار چوفیرے
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
پیر نظیر نے دل وچہ لیّاں
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
جنگل دے وچ منگل لایا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
ہو کے مست گواہیاں دیندے
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
عیباں بھریاں نوں گل لاوندا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
گھر آیاں نوں سب کچھ دیندا

موہڑے والا پیر قطب زمانے دا
ولی امیر کبیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
سرہندی تنویر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
بخشیا فیض قدیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
وسدا وِچ کشمیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
چڑھیا بدر منیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
نورانی تصویر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
کیتا جگ تسخیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
پڑھدا جد تکبیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
بخشاوندا تقصیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
داتا سخی امیر

قطب زمانے دا
عالمِ اکمل ، عارفِ اعظم
قطب زمانے دا
سوہنے مُنہ تھیں ہین پھل جھڑدے
قطب زمانے دا
پاک کلام تے پاک طریقت
قطب زمانے دا
دلاں دی کردا دُور سیاہی
قطب زمانے دا
بُھلیاں ہویاں نوں راہ پا دے
قطب زمانے دا
عشق نے عشق دی بازی جتّی
قطب زمانے دا
عشق دی منزل اوکھی بھاری
قطب زمانے دا
پینڈا مشکل راہ دُوراڈا
قطب زمانے دا
وَیری وَیر نہ کچھ کر سکّے
قطب زمانے دا
ہویا دل دا دُور انھیرا
قطب زمانے دا
عشق مُراد ، مُرید سلیمی
موہڑے والا پیر قطب زمانے دا

چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
علم و عمل دا درسِ مجسّم
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
لفظ نگینے دل وچہ جڑدے
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
پاک عمل تے پاک حقیقت
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
ونڈدا سب نوں نور الٰہی
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
ڈبیاں جاندیاں پار لنگھا دے
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
عشق نوں عشق نے قوت دِتی
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
کیتی اساں نہ کجھ تیاری
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
رب دا ولی وسیلہ ساڈا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
دشمن دشمنیاں کر کر تھکّے
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
جگ جگ چمکے ایہ چن میرا
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا
خانہ زاد غلام قدیمی
چیڑاں والا پیر قطب زمانے دا

کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
قرآنی تفسیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
کردا جد تقریر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
سرتاپا تطہیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
روشن کرے ضمیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
بدل دیوے تقدیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
روکے قضا دا تیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
کی خود تدبیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
ہویئے کیوں دِلگیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
رب دی ہے شمشیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
مرشد پاک نظیر
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا
پیر پیراںؒ دا پیر اس مستانے دا
کامل مرد فقیر قطب زمانے دا

(عاجز ڈاکٹر عنایت اللہ سلیمی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبت نظیریہ: غوث المعظم اعلیٰ حضرت پیر نظیر احمدؒ

حضرت نظیر احمدؒ شہا — میں اک گدا ہوں آپ کا
عرض میری منظور ہو — یہ بے عمل مبرور ہو
تاریک دل پر نور ہو — ہر تیرگی کافور ہو
قلب تپاں مسرور ہو — رنج و الم سب دور ہو
اے رہبرِ دنیا و دیں — اے قائدِ شرعِ متیں
پیرِ طریقت رہنما — عارف حقیقت آشنا
اے واقفِ اسرارِ حق — اے مطلعِ انوارِ حق
اے نائبِ ختم الرسل ﷺ — اے باغِ صدیقی کے گل
در سایہ شیر خدا — پروردہ غوث الوریٰؒ
حق کے ولی قطبِ زمن — سر تا بہ پا لطف و منن
خواجہ نظام الدین کا — فیض و کرم ہے بے بہا
یہ گلستان قاسمیؒ — یہ بوستانِ موہڑوی
ذکر خداوندِ جہاں — مدح شفیعِ عاصیاں
کرتے رہیں ہر وقت ہم — بنتے رہیں خوش بخت ہم
پابندیٔ اسلام ہو — ہم سب کا نیک انجام ہو
نسبتِ رسولِ پاک ﷺ کی — قائم رہے با پختگی
یا رب طفیل مصطفےٰ ﷺ — توفیق ہم کو کر عطا
ہم چھوڑ کر سب ماسوا — کرتے رہیں ذکر خدا
پڑھتے رہیں اللہ ھُو — اللہ ھُو اللہ ھُو
جاری رہے پھر ساتھ ہی — سعدیؒ کی یہ صلوٰۃ بھی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ — کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ — صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

(عاجز عنایت اللہ سلیمی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبتِ ہارونی: غوث الزمان اعلیٰ حضرت پیر ہارون الرشید صاحب مدّ ظلہٗ العالی

ہارون پیارا نام ہے اللہ کا انعام ہے
یہ مرشدی پیغام ہے ایک سرمدی اعلام ہے
یہ قاسمی ضرغام ہے یہ غوثیہ صمصام ہے
یہ خادمِ اسلام ہے مخدوم ذوالاکرام ہے
جوُد و سخاوت کام ہے فیضِ نظیری عام ہے
یہ ہیں ہمارے مقتدا بھٹکے ہوؤں کے رہنما
ہم عاجزوں کے آسرا حق نے دیا ان کو بنا
ہیں چشمۂ جودوسخا ابرِ کرم ۔ عین العطا
یہ وہ نظیری پھول ہیں طیبہ میں جو مقبول ہیں
ان کے لئے سجادگی بغداد سے بخشی گئی
یہ قطب کے فرزند ہیں پروردۂ سرہند ہیں
اُس خواجہ کشمیر نے اس چیڑاں والے پیر نے
اپنی نیابت میں لیا یہ مرتبہ ان کو دیا
یہ نائب سرکار ہیں یہ مطلع انوار ہیں
بس ان کا دامن تھام لو دارین میں آرام لو
ان کو وسیلہ جان لو آقا ہیں یہ پہچان لو
ان سے مئے عرفان لو اور نعمت وجدان لو
فیضان ان کا آج ہے ہم پر انہی کا راج ہے
اپنی انہی کو لاج ہے سر پر نظیری تاج ہے
دائم رہے گا تاج یہ قائم رہے گا راج یہ
کیا ہی سخی سرکار ہے دربار فیض آثار ہے

(عاجز عنایت اللہ سلیمی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

منقبتِ ہارونی: غوث الزمان اعلیٰ حضرت پیر ہارون الرشید صاحب مدظلہٗ العالی

پیرِ طریقت حق نما ہیں حضرتِ ہارون الرشید
ہادی و رہبر پیشوا ہیں حضرتِ ہارون الرشید

حق کی نویدِ جانفزا	خوشبوئے باغِ مصطفیٰ	پروردۂ غوث الوریٰ	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مہرِ نظامیؒ کی جھلک	اور ماہِ قاسمؒ کی چمک	نجمِ نظیریؒ کی دمک	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
سرکارِ کہیاںؒ کی عطا	دربارِ قاسمؒ کی سخا	انوارِ مُرشد کی ضیا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مُرشد کا فیضانِ اَتم	مُرشد کے مُرشد کا کرم	احسن صفتِ عالی سہم	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مُرشد کی نورانی نظر	ظلمت رُبا طلعت اثر	پڑتی ہے جنکے قلب پر	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
جِسے نور بخشا پیر نے	ماہِ قاسمی تنویر نے	شمسِ شہِ کشمیر نے	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مرجع ہیں یہ خدّام کے	مخدوم خاص و عام کے	خادم صحیح اسلام کے	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
اللّٰہُ اللّٰہُ ہر گھڑی	یادِ خُدا کی پھلجھڑی	نسبت رسولی کی کڑی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مخلص ریاضت رات دن	برکت ہے جس میں دن بدن	سیرتِ نظیری مِن وعَن	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
علم و فضیلتِ معرفت	سب میں علوئے مرتبت	تفصیلِ قدر و منزلت	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
شیریں سخن شیریں بیاں	یکتا خطابت کی ہے شان	رطب اللّسان معجز بیاں	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
کیا ہی طبیعت ہے بنی	فیاض اور دل کے غنی	بذل و سخاوت کے دھنی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
ہیں ماحیِ شر و فتن	امن و اماں کے نغمہ زن	اِک چشمۂ لطف و منن	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حق کیلئے ہے دوستی	ناحق سے ہے بیزارگی	بس زہرۂ حق پروری	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
بھولے ہوؤں کے مقتدا	بھٹکے ہوؤں کے رہنما	ہر حق طلب کے پیشوا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
جس نے دیا سبکو سبق	نسبتِ رسولی کا اَدَق	قلمبند آں استادِ حق	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حامدِ احمد مجتبیٰ ﷺ	مدّاحِ شانِ مصطفیٰ	وصّافِ محبوبِ خُدا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
اِن کو عطا حق نے کیا	عشقِ حبیبِ کبریا	ذاتِ محمد پر فدا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حق ذات سے وابستگی	نبیِ پاک سے پیوستگی	سرتاپا وارفتگی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
عشقِ نبی میں ہیں مگن	بچپن سے ہی ہے یہ لگن	مہرباں زجان وتن بدن	ہیں حضرتِ ہارون الرشید

ایمان ہے حُب نبیؐ	حُب جان ہے ایمان کی	سبکو سبق دیتے ہیں یہی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
وردِ زباں صل علیٰ	صَلِّ علیٰ صَلِّ علیٰ	نسبت رسولی کے فدا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
غیر اللہ سے ڈرتے نہیں	فکرِ عدو کرتے نہیں	بیجا قدم دھرتے نہیں	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حضرتِ مجدّد کی نگاہ	اعداء کو کر دیگی تباہ	یہ اُنکے ہی ہیں زیر پناہ	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حضرتِ مجدّد کا کرم	جاری ہے اِن پر دم بدم	اس واسطے بے خوف وغم	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
فیضِ رسولِ پاک سے	لطف شہؐ لولاک سے	محفوظ خوف و باک سے	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
حق نے دی ہے مردانگی	باطل سے ہے بیگانگی	اک پیکرِ فرزانگی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
باطل شکن حق آشنا	تبلیغِ حق ہے مدّعا	آئینۂ وحدت نما	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
صورت عجب دلکش حُسین	سیرت ہے تطہیر آفرین	پاکیزہ دل روشن جبیں	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
ہیں باپ کے پیارے پسر	آرامِ جاں لختِ جگر	مُرشد کے منظورِ نظر	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
نازل ہیں اِن پر رحمتیں	جاری ہیں ان پر بخششیں	بے شک مجسم برکتیں	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
ہیں منبع فیض و عطا	ہیں مخزنِ جودو سخا	گلدستۂ مدح و ثنا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
اِن سے ہی الفت پیار میں	ترت بڑھے دربار میں	ممتاز اس سرکار میں	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
ان سے محبت کا ثمر	مُرشد کی شفقت کی نظر	ان کے ہی تو محبوب تر	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
عالمِ کے عالمِ جانشین	اور عاملِ شرعِ متیں	دین کے مبلّغ بہترین	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
قرآن و حدیث و فقہ کی	مُرشد نے ہی تعلیم دی	رکھتے ہیں مکمل آگہی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
تعلیم دینی و دنیوی	ہے حق سے ارزانی ہوئی	دانائے سِرّ معنوی	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
پیرایۂ انسانیت	سرمایۂ روحانیت	بر مسندِ عرفانیت	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
پاکیزہ از نفسانیت	مینارۂ وجدانیت	اک مشعلِ وحدانیت	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
اُٹھا تھا جو وہ شور و غُل	وہ ہو گیا مفقود کل	اس باغ میں سرسبد گل	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
رونق چمن کی سر بسر	طیّب شجر کی شاخِ تر	محفلِ نظیری کا ثمر	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
رکھے انہیں قائم خدا	خاص استقامت ہو عطا	نسبت رسولی کی بنا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
مقبول ہو میری دعا	یا رب طفیلِ مصطفٰے	جن پر دِل و جان سے فدا	ہیں حضرتِ ہارون الرشید
عاجز سلیمؔی کیلئے	حق کی رضا کے واسطے	راہِ وسیلہ مل گئے	ہیں حضرتِ ہارون الرشید

(عاجز عنایت اللہ سلیمؔی)